Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد { ۱۹۳۴ء مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۶ جون سنہ ۱۹۳۴ء

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱) بابت عطائے پنشن بہ ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب ۲

(۲) عطائے حقیت معافی باغ - واقع منڈیان نادر باغ ۲

(۳) عطائے حقیت معافی واقع موضع بن پوری (پرگنہ حضور تحصیل) ۳

حکم اجلاس جناب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

(۱) تنسیخ رخصت مولوی اولاد حسین صاحب افسر محوضر (۴)

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی ادام اقبالہم وملکہم

حکم

(تاریخ ۹ / مئی ۱۹۳۲ء)

رپورٹ صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل ملاحظہ ہوئی۔ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو (لندن)

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — پیر سائد

جناب عالی

ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب۔ سابق لفٹننٹ کرنل وچیف میڈیکل افسر نے ایک درخواست اپنے قصور کی معافی اور اجرائے پنشن کی استدعا کے ساتھ حضور پرنور میں پیش کرنے کے لئے کونسل میں گذرانی۔

بحکم ہمایوں ۱۰ / ستمبر ۱۹۳۰ء کپتان ڈاکٹر احمد علی خاں صاحب کو چیف میڈیکل افسر، اور ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب کو پرسنل سرجن مقرر فرمایا گیا۔ اور از راہ پرورش ماتحت نوازی انکا فوجی رینک بدستور قائم رکھا گیا۔ اور ایکسو روپیہ ماہانہ پنشن بھی عطا فرمائی گئی۔ باوجود پنشن عطا ہونے کے انکی دیرینہ خدمات کا خیال فرماتے ہوئے خدمات سے ریٹائر نہیں فرمایا گیا۔

۱۰ / نومبر ۱۹۳۱ء کو بحکم ہمایوں سے ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب کو خدمات سے سبکدوش فرمایا گیا۔ اور پچاس روپیہ کی پنشن عطا فرمائی گئی۔ اور یہ پنشن ۲۰ / اپریل ۱۹۳۲ء کو بحکم ہمایوں مسدود ہو گئی۔

ڈاکٹر صاحب نے تقریباً ستائیس سال خدمات بحسن و وفاداری انجام دی ہیں۔ اور بزمانہ جنگ عظیم ریاست ہذا کی فوج کے ہمراہ فیلڈ سروس پر فرانس بھی گئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب رامپور کے قدیمی شرفاء میں سے ہیں اور ان کا خاندان ہمیشہ ریاست کا خیر خواہ رہا ہے۔

کونسل کی رائے ہے کہ بترحم خسروانہ ڈاکٹر صاحب کا قصور معاف فرما کر ان کو ایکسو روپیہ ماہانہ پنشن عطا فرمائی جائے۔ تو عین شرفا نوازی اور رعایا پروری ہوگی۔

زیادہ حد ادب

دولت و اقبال ترقی باد

نقل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ کیجائے

۱۱ / جون ۱۹۳۲ء

(دستخط جناب پریسیڈنٹ بہادر کونسل)

روبکار:-

واقع ۸ جون ۱۹۳۳ء

حقیت معافی باغ واقع منڈیان نادر باغ پرگنہ حضور تحصیل تعدادی اشادان بیگہ تشریف (۸ بسوہ) منضبطہ ۳۰ اگست ۱۹۳۲ء کی بابت کونسل نے حسب الحکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم بحکم جہ غور و جانچ رپورٹ پیش کی جس پر پیشگاہ ہمایوں سے حکم صادر فرمایا گیا ہے۔ "چونکہ وہ شرائط جن پر معافی عطا کی گئی تھی پورے طور پر عمل میں آئی ہیں لہٰذا حقیت مصرحہ بالا جس شخص کے قبضہ سے ضبط کی گئی تھی اس کے حق میں بدستور بحال واگذاشت کیجاتی ہے۔"

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو، ایک نقل شخص مستحق کو دی جائے، ایک نقل درج گزٹ کیجائے اور ایک نقل بغرض اطلاع سپرنٹنڈنٹ باغات صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

الحکم

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب کونسل

حسب منشائے اجلاس ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۰ جون ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب نائب معتمد

روبکار:-

واقع ۸ جون ۱۹۳۳ء

حقیت معافی تعدادی ۱۳ بیگہ ۱۲ بسوہ (بائیس بیگہ چو بسوہ) واقع موضع بن پوری پرگنہ حضور تحصیل منضبطہ بحکم ۳۰ اگست ۱۹۳۲ء کی بابت کونسل نے حسب الحکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم بحکم جہ غور و جانچ رپورٹ پیش کی جس پر پیشگاہ ہمایوں سے حکم صادر فرمایا گیا ہے کہ "چونکہ وہ شرائط جن پر معافی عطا کی گئی تھی پورے طور پر عمل میں آ گئی ہیں لہٰذا حقیت معافی مصرحہ بالا جس شخص کے قبضہ سے ضبط کی گئی تھی اس کے حق میں بدستور بحال واگذاشت کیجاتی ہے۔"

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو، ایک نقل شخص مستحق کو دی جائے، ایک نقل درج گزٹ ہو اور ایک نقل بغرض اطلاع سپرنٹنڈنٹ باغات صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔

الحکم

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب کونسل

حسب منشائے حکم اجلاس ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۰ جون ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب نائب معتمد

حکم اجلاس جناب صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

حکم:

واقع ۱۰ جون ۱۹۳۲ء

ثبوت تحریر افسر صاحب امور خیر بابت
صدور حکم منظوری تنسیخ رخصت منظور شدہ
ایک ماہ رعایتی بوجہ عدم روانگی جناب آغا
مع تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

حکم

حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر رئیس الاولیاء حسن صاحب
افسر امور خیر کی رخصت ایک ماہ منسوخ کیجاتی ہے۔
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل